Connecticut
Birth to Three System
فیملی ہینڈبک

گائیڈ 2: اہل بچوں کی فیملیز کے لئے معاونتوں سے واقفیت

یہ ہینڈبک اور دیگر **www.birth23.org** پر دستیاب ہیں۔

CT Birth to Three System، CT Office of Early Childhood
(OEC، دفتر برائے ابتدائی بچپن) کا ڈویژن ہے۔

سروس کوآرڈینیٹر کیا ہے اور میں کیا توقع کر سکتا/سکتی ہوں؟

سروس کوآرڈینیٹر سے مراد آپ کی Birth to Three ٹیم کا ایسا شخص ہے جو آپ اور آپ کی فیملی کی ضرورت کے تمام وسائل کی شناخت کرنے میں مدد دے گا۔ وہ آپ کے بچے اور فیملی کی مدد کے لئے دستیاب مختلف افراد، معلومات اور وسائل کو یکجا کرنے کے ذمہ دار ہوتا ہے۔ سروس کوآرڈینیٹر آپ کے تمام سوالات کے جوابات دینے اور آغاز میں مشکل نظر آنے والے تصورات کو آسان بنانے کے لئے موجود ہوتا ہے۔

آپ کے سروس کوآرڈینیٹر کو جلد مداخلت کی معاونتوں (جیسا کہ فزیکل تھیراپی یا بول چال اور زبان کی معاونتیں) کی فراہمی میں تجربہ حاصل ہے؛ اور اس نے CT Birth to Three System میں سروس کوآرڈینیٹر کے طور پر سند حاصل کرنے کے لئے اضافی تربیت مکمل کی ہے۔ آپ کی فیملی کی شناخت کردہ ترجیحات کو ذہن میں رکھتے ہوئے وہ درج ذیل کام کریں گے:

- مختلف وسائل سے خدمات، معاونتوں اور معلومات کو ہم آہنگ کرنے میں مدد دینا
- آپ سے ان طریقوں کے بارے میں بات کرنا جن سے آپ اپنے بچے کو فیملی کے روزمرہ کے معمولات اور سرگرمیوں میں نئی مہارتیں سکھا سکتے ہیں
- آپ کے بچے کے بارے میں سوالات کے جوابات تلاش کرنے میں آپ کی مدد کرنا
- دوسری فیملیز سے رابطہ کرنے کے مواقع تلاش کرنے میں آپ کی مدد کرنا
- آپ کے بچے اور فیملی کے ساتھ شامل دیگر ماہرین، جیسا کہ طبی معالجین اور چائلڈ کیئر کے عملے سے بات کرنے میں آپ کی مدد کرنا اور
- ریاست اور کمیونٹی کے مددگار وسائل کے بارے میں معلومات کی پیشکش کرنا
- پری اسکول یا آپ کی پسند کی دیگر کمیونٹی معاونتوں میں منتقلی میں مدد کرنا

آپ کا سروس کوآرڈینیٹر Birth to Three ٹیم کا وہ حصہ ہے جو آپ سے سب سے زیادہ رابطے میں رہے گا۔ آپ اور سروس کوآرڈینیٹر ٹیم کے مشترکہ کپتان ہیں، جبکہ آپ کی ٹیم کے اضافی ارکان میں جلد مداخلت کے دیگر فراہم کنندگان، آپ کے بچے کا چائلڈ کیئر فراہم کنندہ اور آپ کے بچے کا ڈاکٹر شامل ہو سکتے ہیں۔ آپ کا سروس کوآرڈینیٹر آپ کو جلد مداخلت کے سسٹم کی رہنمائی فراہم کرے گا اور جب معاونت کی مزید ضرورت نہیں رہے گی یا آپ کا بچہ تین سال کا ہو جائے گا تو آپ کو اسے چھوڑنے کے لئے تیار کرے گا۔

IFSP کیا ہے؟

آپ کا Individual Family Service Plan (IFSP)، انفرادی فیملی سروس پلان) آپ اور آپ کے بچے اور فیملی کو جلد مداخلت کی خدمات اور معاونتیں فراہم کرنے والے Birth to Three پروگرام کے درمیان معاہدہ ہے۔ آپ کا پلان ایک قانونی دستاویز ہے جسے آپ کی ٹیم کے تمام افراد کو یہ سمجھنے میں مدد دینے کے لئے تیار کیا گیا ہے کہ کیا ہونے والا ہے، کون شامل ہو گا، اور معاونتیں کب، کہاں اور کتنی دیر تک دی جائیں گی۔ آپ اور آپ کی ٹیم (علیحدہ شعبہ جات سے کم از کم دو افراد، جن میں سے ایک آپ کا سروس کوآرڈینیٹر ہونا لازمی ہے) کم از کم ہر چھ ماہ بعد یا ضرورت کے مطابق IFSP پر نظر ثانی کر کے یقینی بنائیں گے کہ یہ ابھی بھی آپ کی ترجیحات اور آپ کے بچے اور فیملی کی ضروریات کو پورا کرتا ہو۔

IFSP میٹنگ کیا ہے؟

ضروری ہے کہ آپ بطور والدین یا نگہداشت کنندگان اور آپ کا سروس کوآرڈینیٹر تمام IFSP میٹنگز میں موجود ہوں۔ پہلی IFSP میٹنگ میں وہ فراہم کنندہ بھی شامل ہو گا جس نے آپ کے بچے کے بارے میں نشونما کا تجزیہ اور امتحان کی معلومات جمع اور مکمل کی تھیں۔ آپ دوسروں کو میٹنگ میں شرکت کی دعوت دے سکتے ہیں، جیسا کہ آپ کی فیملی کے ارکان، آپ کا چائلڈ کیئر فراہم کنندہ اور کوئی بھی ایسا دوست یا دیگر فراہم کنندہ جسے آپ کے خیال میں شامل ہونا چاہیے۔ اگر وہ شرکت نہ کر سکیں تو بھی ان کی معلومات کا اشتراک کیا جا سکتا ہے اور اسے پلان میں شامل کیا جا سکتا ہے۔ ایک اور اہم شخص آپ کے بچے کا بنیادی طبی معالج (PHCP) ہے جس سے اس کی رائے کے لئے رابطہ کیا جائے گا۔

آپ اور آپ کی فیملی کے ارکان IFSP میٹنگ میں جتنا شامل ہوں گے، آپ کا پلان اتنا ہی بامعنی ہو گا۔ اشتراک کریں کہ آپ کے لئے کیا اہم ہے اور آپ کے خیال میں آپ کے بچے کو کس چیز کی ضرورت ہے۔ اپنے بچے کی وضاحت کرنے والے تجزیات اور امتحانات کے بارے میں اپنے تمام سوالات پوچھیں۔

آپ کے بچے اور فیملی کے بارے میں اہم معلومات

- آپ کے بچے کو کیا پسند ہے؟ کیا ناپسند ہے؟
- آپ کا بچہ کن چیزوں سے تنگ ہوتا ہے؟
- آپ نے اپنے بچے کو تنگ ہونے سے بچانے کے لئے پہلے کیا کام کیے ہیں؟
- آپ کا بچہ دن کے دوران کیا کرتا ہے؟
- کیا آپ کی زندگی یا آپ کے بچے کی زندگی میں کوئی خاص تبدیلیاں ہوئی ہیں جو بچے کے رویے میں تبدیلیوں کا باعث بن سکتی ہیں؟
- بطور فیملی آپ کو کیا کام کرنا پسند ہے؟ دوستوں کے ساتھ؟
- آپ کن افراد اور ایجنسیوں کو مددگار سمجھتے ہیں؟
- آپ کے بچے کی ضروریات پوری کرنے میں آپ کی فیملی کی کیا خوبیاں ہیں؟
- آپ اپنے بچے یا فیملی کے بارے میں ٹیم کو اور کیا بتانا چاہتے ہیں؟

ٹیم کے تمام ارکان، بشمول آپ اور آپ کی فیملی اکٹھے مل کر IFSP تیار کرنے میں کام کریں گے۔ یہ معلومات کا تجزیہ کرنے، فیصلے کرنے اور IFSP کے نتائج تیار کرنے کے ذریعے کیا جائے گا۔ نتائج سے مراد وہ تبدیلیاں ہیں جنہیں حاصل کرنے کے لئے آپ اور آپ کی فیملی نے کام کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس گفتگو کے دوران آپ ان سرگرمیوں کی تجویز دے سکتے ہیں جو آپ ان نتائج کے حصول کے لئے استعمال کریں گے۔ آپ ان سرگرمیوں اور جلد مداخلت کی خدمات کا بھی فیصلہ کریں گے جو آپ کے بچے اور فیملی کے نتائج میں معاون ہوں گی۔

Disabilities Education Act (IDEA ۔معذور افراد کا تعلیمی قانون)، پارٹ سی (جلد مداخلت) کے تحت آنے والی معاونتیں اور خدمات

آپ کا بنیادی سروس فراہم کنندہ (امکان ہے کہ آپ کا سروس کوآرڈینیٹر بھی یہی ہو گا) ٹیم کے دیگر ارکان کی مدد کے ساتھ درج ذیل معاونتوں اور خدمات کے حصول میں مدد دے سکتا ہے:

- معاون ٹیکنالوجی
- آوازوں کی زبان
- فیملی کی تربیت، مشاورت اور گھر کے وزٹ
- صحت
- نرسنگ
- غذائیت
- پیشہ وارانہ تھیراپی (OT)
- فزیکل تھیراپی (PT)
- نفسیاتی معاونت
- سروس کی ہم آہنگی
- اشاروں کی زبان
- سماجی کام
- خصوصی تدریس
- بول چال اور زبان
- IFSP کی شناخت کردہ دیگر معاونتوں کے حصول کے لئے ضرورت ہونے پر ذرائع نقل و حمل یا سفری اخراجات کی ادائیگی
- بصارت اور حرکت

IDEA پارٹ سی کے تحت والدین کے حقوق اور ادائیگیوں کا نظام سمجھنا

وفاق قانون کے تحت خدمات کے آغاز سے پہلے آپ کو نشاندہی کرنی ہو گی کہ آپ اپنے حقوق سمجھتے ہیں اور اجازت دیتے ہیں۔ IFSP پر آپ کے دستخط ظاہر کریں گے کہ آپ پورے IFSP کے ساتھ متفق ہیں۔ آپ ایک یا زائد جلد مداخلت شروع کرنے کی تحریری اجازت دیتے ہوئے دیگر کے بارے میں عدم اتفاق کا اظہار یا انہیں مسترد کر سکتے ہیں۔ اگر آپ نئے IFSP کو پوری طرح قبول نہیں کرتے تو آپ اور آپ کی ٹیم کو مسئلہ حل کرنے کی کوشش کرنی ہو گی۔ متفقہ معاونتوں کو متوقع آغاز کی تاریخ پر شروع کرنا ضروری ہو گا۔

Individuals with Disabilities Education Act (IDEA) کے پارٹ سی کا تقاضا ہے کہ ریاستیں شناخت کریں کہ ان کی جلد مداخلت کی خدمات کو کیسے فنڈنگ مل رہی ہے، بشمول ریاستی اور نجی وسائل، اور وفاق وسائل (جنہیں صرف آخری حل کے طور پر زیر غور لایا جانا چاہیے) کا استعمال۔

کنیکٹیکٹ میں ریاستی اور وفاق فنڈ Birth to Three خدمات کے تقریباً 80 فیصد اخراجات کا احاطہ کرتے ہیں۔ بقیہ 20 فیصد کا احاطہ فیملیز کے نجی طبی بیمہ کے ذریعے کیا جاتا ہے۔

اگر آپ اپنے والدین کے حقوق اور ادائیگیون کے نظام کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی اپنے سروس کوآرڈینیٹر کی طرف سے دیے گیے Parent Rights and Early Intervention Funding بروشر کا جائزہ لیں یا **birth23.org/families/family-resources/** ملاحظہ کریں۔

Birth to Three میں میری ذمہ داریاں کیا ہیں؟

اپنے بچے کی Birth to Three ٹیم کے اہم ترین رکن کے طور پر ہر وزٹ میں فعال شرکت آپ کی ذمہ داری ہے۔ آپ کی Birth to Three ٹیم کے ارکان کئی وضاحتی سوالات پوچھ کر، کوچنگ دے کر، مثالیں دے کر اور آپ سے کوشش کرنے کی درخواست کر کے آپ کو شامل کریں گے۔ وہ یقینی بنائیں گے کہ آپ ان کی اشتراک کی گئی ہر چیز کو سمجھ لیں اور وزٹس کے درمیان میں اپنے بچے کے ساتھ ان نئی مہارتوں کا استعمال کرنے میں آرام دہ محسوس کریں۔

آپ وزٹ کے دوران درج ذیل چند طریقوں سے فعال شرکت کر سکتے ہیں:

- ایسی سرگرمی کے دوران اپنے وزٹ کا وقت طے کریں جس میں آپ اپنے فراہم کنندہ کی معاونت چاہتے ہیں، جیسا کہ کھانے کا وقت، نہانے کا وقت، بچے کو چائلڈ کیئر چھوڑنا، یا علاقے میں چہل قدمی کرنا۔
- اس بارے میں بات کریں کہ گزشتہ وزٹ کے بعد آپ کی استعمال کردہ حکمت عملیاں کیسی رہیں۔
- وزٹ کے دوران مشق کریں اور اگر آپ کچھ ٹھیک سے نہ سمجھ پائیں تو سوال کریں۔
- اپنے بنیادی سروس فراہم کنندہ کے ساتھ وزٹ کا پلان تشکیل دیں، اس میں کسی مخصوص سرگرمی کی شناخت کریں جس کو آپ ہدف بنانا چاہیں گے اور ان حکمت عملیوں کی شناخت کریں جو آپ کے پلان کو سپورٹ کریں گی۔
- گزشتہ Birth to Three وزٹ کے بعد سے ایسی متعلقہ معلومات کا اشتراک کریں جو شاید آپ کے بچے پر اثر انداز ہوئی ہوں۔ اس میں طبی یا بیرونی تجزیات شامل ہو سکتے ہیں۔

میں اپنے وزٹ کا بہترین فائدہ کیسے اٹھاؤں؟

وزٹ سے پہلے

- تیاری کریں۔ ایسے وقت وزٹ طے کریں جو آپ کے لئے آسان ہو تاکہ آپ وزٹ کے دوران فعال شرکت کر سکیں۔ بہن بھائیوں اور فیملی کے دیگر ارکان یا نگہداشت کنندگان کا خیر مقدم کیا جاتا ہے اور اگر وہ موجود ہوں تو انہیں وزٹ میں شرکت کی دعوت دی جائے گی۔
- ایجنڈا پلان کریں۔ اپنے Birth to Three فراہم کنندہ کو بتائیں کہ آپ ان سے کس سرگرمی کا مشاہدہ کروانا چاہتے ہیں اور اپنے وزٹ میں کس بارے میں بات کرنا چاہتے ہیں۔ گزشتہ وزٹ کے بعد سے ذہن میں آنے والے نئے سوالات لکھیں۔
- یہ بتانے کے لئے تیار رہیں کہ پچھلے وزٹ کے بعد سے کیا کچھ ہوا ہے۔ ہر اس چیز کے بارے میں سوچیں یا فہرست بنائیں جس کا اشتراک آپ کے خیال میں اہم ہے، جیسا کہ ڈاکٹر کے پاس جانا یا معمول میں تبدیلیاں۔ اس بارے میں سوچیں کہ کون سی تجاویز کام آئی ہیں اور کون سی زیادہ کام نہیں آئیں۔

وزٹ کے دوران

- سوالات پوچھیں۔ دی گئی معلومات کو سمجھنا یقینی بنائیں۔ اگر آپ کو معلوم نہیں کہ کوئی کام کیوں کیا جا رہا ہے تو بس پوچھ لیں۔ اگر معلومات تحریری شکل میں حاصل کرنے سے مدد ملتی ہو تو اس کی درخواست کریں۔
- ایک اور مثال کی درخواست کریں۔ اگر آپ کو کوئی چیز سمجھ نہ آئے تو دوبارہ دکھانے کی درخواست کریں۔ وزٹ کے دوران اکٹھے حکمت عملیوں پر عمل کریں۔ کر کے دکھانا سیکھنے کا بہترین طریقہ ہوتا ہے۔
- وزٹس کے دوران حکمت عملیوں پر عمل کرنے کے آئیڈیاز پر بات کریں۔ وزٹس کے درمیان مشق کرنا وزٹ جتنا ہی اہم ہوتا ہے۔ روز مرہ کی فیملی کی سرگرمیوں کے دوران حکمت عملیاں اور سرگرمیاں استعمال کرنے کے طریقوں کے بارے میں بات کرنا یقینی بنائیں۔

کامیابیوں کا جشن منائیں! چھوٹی چھوٹی کامیابیوں کا بھی!

وزٹ کے بعد

- کام کر کے دیکھیں۔ آپ کی منصوبہ بند سرگرمیوں میں چنی گئی نئی حکمت عملیوں کی مشق کریں۔ کیا کارآمد ہے؟ کیا نہیں ہے؟
- یہ نوٹ کریں۔ وزٹس کے درمیان میں ذہن میں آنے والے سوالات کو یاد رکھیں یا نوٹ بک میں لکھیں۔
- مزے کریں۔ بہترین درس و تدریس وہ ہوتا ہے جس میں آپ اور آپ کا بچہ مزے کریں۔

BIRTH TO THREE چھوڑنے کا وقت کب ہوتا ہے؟

اپنی فیملی کے Birth to Three کے تجربے کے ہر مرحلے میں مستقبل کے بارے میں سوچنا اور منصوبہ بنانا اچھی بات ہے۔ منتقلی کے بارے میں گفتگو پہلی IFSP میٹنگ سے شروع ہوتی ہے اور Birth to Three میں آپ کی فیملی کے تمام وقت کے دوران جاری رہتی ہے۔ آپ کسی بھی وقت سروس کوآرڈینیٹر کو اطلاع دے سکتے ہیں کہ آپ Birth to Three سے باہر منتقلی چاہتے ہیں؛ یا اگر آپ کے بچے کو جلد مداخلت کی مزید ضرورت نہیں تو آپ کا سروس کوآرڈینیٹر Birth to Three کی معاونتیں ختم کرنے کے بارے میں بات کر سکتا ہے۔

قانونی طور پر آپ کے بچے کی عمر تین سال ہونے پر Birth to Three کی زیادہ تر خدمات اور معاونتیں ختم ہو جائیں گی۔ جب آپ Birth to Three کو الوداع کہنے کا منصوبہ بنائیں گے تو نئے شراکت دار آپ کی زندگی میں داخل ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ کا بچہ تین سال کی عمر سے پہلے چھوڑ دیتا ہے یا اگر آپ کا بچہ ابتدائی بچپن کی خصوصی تعلیم حاصل نہیں کرے گا تو آپ کا سروس کوآرڈینیٹر آپ کے ساتھ کام کرتے ہوئے آپ کی کمیونٹی میں دستیاب دیگر سرگرمیوں کی شناخت کرے گا۔

کمیونٹی کی سرگرمیاں

- لائبریری کی کہانی کے اوقات
- مقامی کھیلوں کے گروپس
- تیز آغاز
- تفریحی پروگرام
- کمیونٹی نرسری اسکول
- چائلڈ کیئر مراکز



آپ کے انتخاب کے لئے ایسے کئی کمیونٹی مراکز ہیں جو آپ اور آپ کے بچے کو پسند آ سکتے ہیں۔ اگر آپ چاہیں تو آپ کا سروس کوآرڈینیٹر آپ کو اس متعلق معلومات جمع کرنے میں مدد دے سکتا ہے کہ پروگرام میں کیسے اندراج کیا جائے، اور ممکنہ فنڈنگ یا اسکالرشپ کی معلومات بھی دے سکتا ہے۔ آپ کو پیشگی تحریری نوٹس ملے گا کہ Birth to Three کی خدمات ختم ہو رہی ہیں اور آپ کا منتقلی کا منصوبہ تشکیل دینے کے لئے منتقلی کی میٹنگ منعقد کی جائے گی۔

اگر آپ کے بچے کو تین سال کی عمر کے بعد خصوصی تعلیمی خدمات کی ضرورت ہے تو آپ کا سروس کوآرڈینیٹر مقامی پبلک اسکول کے ساتھ کام کرتے ہوئے آپ کو ابتدائی بچپن کی خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات کے لئے آپ کے بچے کی اہلیت کا تعین کرنے میں مدد دے گا۔
اس منتقلی کی منصوبہ بندی کسی بھی وقت شروع ہو سکتی ہے لیکن عام طور پر یہ آپ کے بچے کی عمر تین سال ہونے سے نو ماہ پہلے بڑھ جاتی ہے۔ اگر چند تقاضے پورے کیے جائیں تو کچھ بچے موسم گرما کے مہینوں میں 3 سال کی عمر کے بعد کی جلد مداخلت کی خدمات اور معاونتوں (3 سال کے بعد EIS) کے اہل ہو سکتے ہیں۔ منتقلی کے عمل اور 3 سال کے بعد EIS کے بارے میں مزید معلومات کے لئے براہ مہربانی ہینڈبک III کا جائزہ لیں: منتقلی کی گائیڈ۔